انھوں نے اسی کام میں عمر گزاری اور الحسنات کے پودے کو مدتوں سے سینچ رہے ہیں۔ درسِ قرآن (مسلسل) ان کی خاص تحریر ہے۔ لفظ بہ لفظ ترجمہ اور بامحاورہ ترجمہ و تشریحات۔ وہ قرآنی علوم و معارف بھی لکھ رہے ہیں۔ حافظ ادریس صاحب، سید اسعد گیلانی اور عبدالحسیب حسن کے علاوہ اور اور لکھنے والے بھی شریک ہیں۔ تبصرے جناب طالب الہاشمی کے قلم سے ہیں۔ بچوں کے لیئے ایک حصہ خاص ہے۔

اہل حدیث | مدیر: جناب مولینا عزیز زبیدی۔ دفتر: مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان۔ ۱۰۶، راوی روڈ لاہور۔ قیمت فی شمارہ ۲ روپے: سالانہ ۷۵ روپے۔

اس دینی ماہنامے کا مزاج علمی ہے۔ پیش نظر شمارے میں ادارے کے علاوہ تحریک اہل حدیث دعوت و عزیمت اور عورت کی حکمرانی پر توجہ طلب مفید مضامین ہیں۔ بقیہ صفحات میں خود جمعیت کے احوال و مسائل درج ہیں۔ برادرم مولینا عزیز زبیدی صاحب اپنے متوازن مزاج کی بنا پر انشاءاللہ اس رسالے کو تحزب سے بچائیں گے۔

(بقیہ صفحہ ۳)

استفادہ کرتے۔

خود میرے ساتھ بڑا دلچسپ معاملہ تھا۔ کبھی دو چار ماہ بعد ایک پوسٹ کارڈ موصول ہوتا، جس میں سطر ڈیڑھ سطر میں لکھا ہوتا کہ تمہاری فلاں تحریر یا تقریر میں فلاں لفظ یوں نہیں، یوں ہے۔ بس مزید کوئی زجر و توبیخ نہیں۔ کوئی کبر علم کا مظاہرہ نہیں۔ بڑے بھرپور محبت و اخلاص کا مظاہرہ ان میں دیکھا۔ ایک خوبی یہ بھی کہ گفتگو میں ہلکا سا اندازِ مزاح شامل رہتا۔ نتیجہ یہ کہ علمی روائی خطرناک خشونت ان میں کبھی پیدا نہ ہوئی۔ خدا شفاعتِ رسولؐ نصیب کرے اور مغفرت بلا حساب۔ آمین!